# ٹیچرز گائیڈ

## ٹونی

کلاس 5 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں **6** سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک ایسے بچے کی کہانی پڑھیں گے جسے میٹھی چیزیں بہت پسند تھیں۔ بچوں کو کتاب ٹونی دکھائیں اور بتائیں کہ شاید ٹونی اس کا پیار کا نام (nickname) تھا۔

  - بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہیں بھی گھر میں کسی اور نام سے پکارا جاتا ہے؟ اگر ایسا ہے تو بچے اپنے گھر میں پکارے جانے والے نام بتائیں۔

  - بچوں سے کہیں کہ اپنی اپنی کتابیں نکالیں۔ پہلے خود دلچسپ انداز سے کہانی پڑھ کر سنائیں اور مشکل الفاظ کے معنی بھی ساتھ ساتھ بتائیں۔

  - ہر صفحہ پڑھنے کے بعد بچوں کو اس صفحہ پر بنی تصویر دکھائیں اور گفتگو کریں کہ تصویر میں کیا ظاہر ہو رہا ہے؟ مثلاً صفحہ 5 سنانے کے بعد پوچھیں کہ آپ کے خیال میں ٹونی کیا بہانے بناتا ہو گا؟ اسی طرح صفحہ 8 پڑھنے کے بعد پوچھیں کے آپ کے خیال میں ٹونی کہاں گیا ہو گا؟

  - بچوں کے جوابات پوری توجہ سے سنیں اور اس کے بعد کہانی مکمل کریں۔

10 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کہانی کیسی لگی؟ جن بچوں کو کہانی پسند آئی ہو ان سے پسندیدگی کی وجہ پوچھیں۔

  - اگر کچھ بچے کہیں کہ انہیں کہانی پسند نہیں آئی تو اس کی بھی وجہ پوچھیں۔ مگر بچوں کی رائے سے اختلاف نہ کریں اور انہیں اپنے خیالات کا کھل کر اظہار کرنے دیں۔

5 منٹ
- بچوں کو گُڑ کے بارے میں بتائیں کہ عام طور پر گُڑ گنے کے رس کو پکا کر بنائی جانے والی ڈلیوں کو کہتے ہیں۔ گُڑ چینی کی جگہ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ گنے کے علاوہ دوسری میٹھی چیزوں کے رس سے بھی گُڑ بنایا جاتا ہے۔

  - بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہیں بھی میٹھی چیزیں کھانا پسند ہے؟ کیا انہوں نے کبھی کھجور کھائی ہے؟ کیا کسی بچے نے کبھی کھجور کا گُڑ کھایا ہے؟

10 منٹ • بچوں کو کھجور کے بارے میں زبانی معلومات دیں۔ کھجور اور اس کے درختوں کی تصاویر کلاس میں دکھائیں۔ جہاں ممکن ہو وہاں کھجور کے پتوں سے بنی چیزیں بھی بچوں کو کلاس میں لا کر دکھائیں۔

## ٹیچر کے لئے معلومات

• کھجور غذائیت سے بھرپور پھل ہے۔ اس کے درخت بالکل سیدھے اور اونچے ہوتے ہیں۔ پاکستان کے کئی علاقوں میں کھجور کاشت کی جاتی ہے۔ اس کے پتوں سے بہت سی چیزیں مثلاً چٹائیاں، ٹوکریاں، ہاتھ کے پنکھے وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔

5 منٹ • بچوں سے ان کی پسندیدہ میٹھی چیزوں کے بارے میں پوچھیں اور ان سے کہیں کہ کوئی سی 10 میٹھی چیزوں کے نام اپنی کوپی میں لکھیں۔ مثلاً:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کھیر | پڈنگ | حلوہ | زردہ | آئس کریم |
| قلفی | فالودہ | کیک | پیسٹری | گلاب جامن |

# سیشن 2

10 منٹ • کہانی کے مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان کے معنی پوچھیں۔ بعد میں ہر لفظ کے صحیح معنی بھی بورڈ پر لکھیں۔ اس طرح بچوں کے لئے کہانی پڑھتے ہوئے مشکل الفاظ پڑھنا اور معنی سمجھنا آسان ہو جائے گا۔

| مشکل الفاظ | معنی |
|---|---|
| گول مٹول | موٹا |
| دل نہ لگنا | دل نہ چاہنا |
| کھسک جانا | چپکے سے چلے جانا |

| مشکل الفاظ | معنی |
|---|---|
| ملنسار | ملنے جلنے والا |
| دھیان نہ دینا | توجہ نہ دینا |
| تاکید کرنا | زور دے کر کہنا |

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کتابیں نکالیں۔ 8 - 6 بچوں سے باری باری کہانی کے ایک ایک صفحے کی پڑھائی کرائیں۔ مشکل الفاظ پڑھنے میں بچوں کی مدد کریں۔

20 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے مشکل الفاظ اور ان کے معنی کوپی میں لکھیں۔

- بچوں سے کہیں کہ مشکل الفاظ میں سے کسی بھی 5 الفاظ کے جملے بنائیں۔ تحریری کام سے پہلے بچوں کو جملے بنانے کی زبانی مشق بھی کرائیں۔ جب بچے کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- اپنے گھر یا کمرے میں جو چیزیں نظر آئیں ان میں سے 10 چیزوں کے نام لکھ کر لائیں۔

# سیشن 3

20 منٹ
- بچوں سے ہوم ورک کے بارے میں پوچھیں کہ وہ کن چیزوں کے نام لکھ کر لائے ہیں۔ بچے جو نام بتائیں وہ بورڈ پر لکھیں۔

- بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر اپنے ہوم ورک میں الفاظ کے ہجے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

10 منٹ
- کتاب میں دیئے گئے ایسے الفاظ' جن کی ضد ہوتی ہے' چن کر بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے ان الفاظ کی ضد پوچھیں اور بورڈ پر الفاظ کی صحیح ضد لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان الفاظ کو اپنی کوپی میں لکھیں۔

| الفاظ | ضد |
| --- | --- |
| چھوٹے | بڑے |
| دن | رات |

| الفاظ | ضد |
| --- | --- |
| خوش مزاج | بدمزاج |
| غصہ | پیار |

| الفاظ | ضد |
| --- | --- |
| بہت | تھوڑا |
| میٹھی | کڑوی |

| الفاظ | ضد |
| --- | --- |
| غائب | حاضر |
| بہت | کم |

## گھر کا کام

15 منٹ • نیچے دیئے گئے الفاظ سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

• املا کے لئے الفاظ کی فہرست۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| چھوٹے | کلاس | ملنسار | بہت | اکثر | شوق | میٹھی | کھیل کود |
| خوش مزاج | شکایت | کھسک | کبھی | پوچھنے | بالکل | اچانک | دھیان |
| ماسٹر صاحب | ساتھ | دروازہ | ڈھونڈا | غصہ | تلاش | کھجور | غائب |

# سیشن 4

15 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔

10 منٹ • املا کی اصلاح کروائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ • بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 14 - 13 پر بنی ٹونی کے خاندان کی تصویر دکھائیں اور پوچھیں یہ لوگ ٹونی کے کون ہو سکتے ہیں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ کتاب میں اور کن رشتوں کا ذکر ہے۔ بورڈ پر مذکر/ مونث کے کولم بنا کر رشتے لکھیں۔ بچے اپنی کو پی میں لکھیں۔

| مذکر | مونث |
|---|---|
| نانا | نانی |
| میاں | بیوی |
| بیٹا | بیٹی |

| مذکر | مونث |
|---|---|
| ابو | امی |
| داماد | بہو |
| نواسہ | نواسی |

# سیشن 5

15 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ انہیں ٹونی کیسا لگا؟ دوستانہ انداز میں گفتگو بڑھاتے ہوئے پوچھیں:

1) پڑھائی سے بچنے کے لئے آپ لوگ کیا بہانے بناتے ہیں؟
2) جب شرارت پکڑی جائے تو کیا کرتے ہیں؟
3) کون سے مضامین مشکل اور کون سے دلچسپ لگتے ہیں اور کیوں؟
4) ہوم ورک کس وقت کرتے ہیں اور کون مدد کرتا ہے؟
5) کون سے کھیل پسند ہیں اور کس وقت کھیلتے ہیں؟

30 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنے بارے میں 10 - 8 جملوں کا ایک مضمون لکھیں۔ بچوں کی رہنمائی کے لئے نیچے دیئے گئے نکات بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ مضمون لکھتے ہوئے یہ نکات ذہن میں رکھیں۔ جو بچے مضمون لکھ لیں انہیں اپنے پاس بلا کر ان کا مضمون سنیں۔

1) نام
2) عمر
3) کلاس
4) پسندیدہ کھیل
5) آپ کون سے موقعوں پر اور کیا بہانے بناتے ہیں۔

# سیشن 6

10 منٹ

- بچوں کو **صفت** (adjective) کے بارے میں بتائیں۔
  - بچوں کو بتائیں کہ **صفت** (adjective) ایسا لفظ ہوتا ہے جو کسی کے بارے میں بتاتا ہے۔
  - بچوں کو کلاس میں موجود اشیاء سے مثالیں دے کر سمجھائیں۔
  - نیچے دی گئی مثالوں میں دائرہ میں دیا گیا لفظ **صفت** (adjective) کو ظاہر کرتا ہے۔

(1 (لمبا) بچہ

(2 (اونچی) چھت

(3 (چھوٹی) کرسی

(4 (کالا) بورڈ

10 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کتاب کا صفحہ نمبر 1 نکالیں اور بتائیں کہ اس میں ٹونی کے بارے میں کیا لکھا ہے۔ جیسے:

ٹونی ایک **گول مٹول** **خوش مزاج** **ملنسار** بچہ تھا۔

  - وضاحت کریں کہ گول مٹول خوش مزاج اور ملنسار ٹونی کی **صفتیں** (adjectives) ہیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ ہر بچہ اپنی کوئی ایک صفت بتائے۔

15 منٹ

- بچوں کو صفت اور اسم پر تحریری کام کروائیں۔

- کسی جاندار، جگہ اور کسی چیز کے بارے میں چند ایسے الفاظ بورڈ پر لکھیں جس میں ان کی صفت بھی ظاہر ہو۔ جیسے:

| | |
|---|---|
| شریر احمد | موٹا ہاتھی |
| لمبی سڑک | نرم بستر |
| دبلی لڑکی | کالا کتا |
| بڑا شہر | اونچی عمارت |
| لال پتنگ | کڑوے کریلے |
| میٹھا آم | خوبصورت باغ |

- بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ میں سے اپنی کوپی میں اسم اور صفت کو علیحدہ علیحدہ کولم میں لکھیں۔ بورڈ پر کولم بنا کر ایک دو مثالوں کے ذریعے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔ جب بچے کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔

| صفت | اسم |
|---|---|
| شریر | احمد |
| بڑا | شہر |

10 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنی تصویر بنائیں اور اپنی کوئی صفت لکھیں۔

# ٹونی

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale